# دعوتِ اسلامی کی
# علمی وفلاحی خدمات

02-September-2022



جمعہ کے اجتماع میں ہونے والا بیان

(For Islamic Brothers)

**جمعہ کا بیان** (2ستمبر،2022ء)

مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ) اور شعبہ ائمہ مساجد کے تحت (مساجد کے لئے)

# دعوتِ اسلامی کی علمی و فلاحی خدمات

اس بیان میں آپ جان سکیں گے...

- .. غمخوار نبی صَلَّی اللہ عَلَیۡہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے خیر خواہانہ انداز
- .. نفع بخش اَعمال باقی رہتے ہیں
- .. دعوتِ اسلامی کی علمی خدمات
- .. دعوتِ اسلامی کی فلاحی خدمات

پیشکش: اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَۃ (اسلامک ریسرچ سنٹر)

(شعبہ: بیاناتِ دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ ط

اَمَّا بَعْدُ! فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰه وَعَلٰی آلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَاحَبِیْبَ اللّٰه

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَانَبِیَّ اللّٰه وَعَلٰی آلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَانُوْرَ اللّٰه

نَوَیْتُ سُنَّتَ الْاِعْتِکَاف (ترجمہ: میں نے سُنَّت اعتکاف کی نِیَّت کی)

# درودِ پاک کی فضیلت

مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ حضرت علیُّ الْمُرتَضٰی رَضِیَ اللہُ عنہ سے رِوایَت ہے، تاجدارِ رِسَالَت، شہنشاہِ نبوّت صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: تمہارا مجھ پر دُرُود پڑھنا تمہاری دُعاؤں کا مُحافِظ، اللہ پاک کی رِضا کا باعث اور تمہارے اَعمال کی پاکیزگی کا سَبَب ہے۔ [1]

مومنو! پڑھتے نہیں کیوں اپنے آقا پر درود | ہے فرشتوں کا وظیفہ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام [2]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

# غمخوار نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے خیر خواہانہ انداز

مُسْنَدِ احمد حدیثِ پاک کی کتاب ہے، اس میں ایک روایت ہے، جس میں سرورِ عالَم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی مُبارَک زِندگی کا ایک بہت ہی خُوبصُورت پہلو بیان ہوا ہے؛

حضرت خبّاب رَضِیَ اللہُ عنہ صحابیٔ رسول ہیں، اِسلام قبول کرنے سے پہلے آپ غُلام تھے، پھر آپ کو آزادی کی نعمت ملی، آپ نے اِیمان قبول کیا اور ہجرت کر کے مدینۂ مُنَوَّرہ تشریف لائے۔ حضرت خَبَّاب رَضِیَ اللہُ عنہ کی شہزادی صاحِبہ فرماتی ہیں: ایک مرتبہ والِدِ محترم

1 ... قول البدیع، الباب الثانی فی ثواب الصلاۃ علی رسول اللہ، صفحہ: 133۔

2 ... قبالۂ بخشش، صفحہ: 164۔

دِین کی خِدْمت کے لئے مدینۂ منوَّرہ سے باہَر کہیں سَفَر پر گئے ہوئے تھے۔ جتنے دِن اَبُّو جان گھر سے باہَر رہے، سرورِ عالَم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم مُسلسل ہماری دیکھ بھال کرتے رہے، ہماری ایک بکری تھی، جتنے دِن اَبُّو جان سَفَر پر رہے، دوعالَم کے مالِک و مختار، مکی مدَنی تاجدار صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا معمول رہا کہ آپ تشریف لاتے، ہم سے برتَن لیتے اور اپنے مُبارَک ہاتھوں سے ہماری بکری کا دُودھ دوہتے، یہاں تک کہ برتَن کناروں تک بھر جاتا۔[1]

سُبْحٰنَ اللہ! **پیارے اسلامی بھائیو!** اندازہ لگائیے! کتنے پیارے، خوبصُورت اور نِرالے اَخلاق ہیں، کائنات کی وہ بلند رُتبہ ہستی کہ فِرِشتے جن کی خِدْمت کی تمنّا رکھتے ہیں؛

لاکھوں قُدْسی ہیں کامِ خِدْمت پر | لاکھوں گِردِ مَزار پھرتے ہیں[2]

ایسی عزّت والے نبی، رسولِ ہاشمی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم اپنے اُمّتیوں کی، اپنے غُلاموں کی دیکھ بھال فرماتے تھے، یہاں تک کہ اپنے مُقدَّس، مُبارَک ہاتھوں سے بکریوں کا دُودھ بھی دَوہ دیا کرتے تھے بلکہ مسلمانوں کی پیاری اَمّی جان حضرت عائشہ صدیقہ رَضِیَ اللہُ عَنْہا فرماتی ہیں: سرورِ عالَم، نورِ مُجَسَّم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کسی وقت فارِغ نہیں رہتے تھے، جب کبھی موقع ملتا تو آپ کوئی جوتا سلائی کر دیتے تاکہ مسکین کے کام آجائے یا کپڑوں کو پیوند لگا دیتے تاکہ کوئی غریب پہن لے۔[3]

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والے | مُرادیں غریبوں کی بَر لانے والے
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والے | وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والے

---

1 ... مسند احمد، جلد:8، صفحہ:429، حدیث:21666۔
2 ... حدائق بخشش، صفحہ:100۔
3 ... سبل الہدیٰ، جلد:7، صفحہ:85۔

فقیروں کا ملجا، ضعیفوں کا ماوٰی | یتیموں کا والی، غُلاموں کا مولیٰ
خطا کار سے درگزر کرنے والے | بداندیش کے دِل میں گھر کرنے والے

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِیْب! صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّد

## نفع بخش بن جائیے!

اللہ پاک ہمیں سیرتِ مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم سے روشنی لینے کی توفیق عطا فرمائے، کاش! ہم نفع بخش انسان بنیں، دوسروں کے کام آئیں، غریبوں، یتیموں، بے سہاروں کی مدد کریں، جِتنی ہو سکے اپنے پڑوسیوں، رشتے داروں، دوستوں اور دیگر مسلمانوں کی دیکھ بھال کیا کریں۔ اللہ پاک کے آخری نبی، رسولِ ہاشمی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: خَیْرُ النَّاسِ مَنْ نَّفَعَ النَّاسَ لوگوں میں بہترین آدمی وہ ہے جو لوگوں کو نفع پہنچاتا ہے۔[1]

خیالِ خِدمتِ خَلقِ خُدا جو رکھتے ہیں | کرم خُدا کا اُنہیں دستیاب ہوتا ہے

## نفع بخش اَعمال باقی رہتے ہیں

اللہ پاک نے قُرآنِ کریم میں بہت خوبصُورت مثال ذِکر فرمائی ہے، اس کا خُلاصہ یہ ہے کہ جب زوردار بارش برستی ہے، پانی بہنے لگتا ہے تو اس پانی کے اُوپر جھاگ آجاتی ہے، یہ جھاگ زیادہ دَیر باقی نہیں رہتی، جلد ہی ختم ہو جاتی ہے مگر پانی باقِی رہتا ہے، کچھ زمین کے اندر جذب ہو کر محفوظ ہو جاتا ہے، کچھ ندی نالوں وغیرہ میں چلا جاتا ہے، کچھ کھیتوں میں درخت وغیرہ چُوس لیتے ہیں۔ اب قرآنِ کریم کے الفاظ سنیئے! رَبِّ کائنات فرماتا ہے:

فَاَمَّا الزَّبَدُ فَیَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَ اَمَّا | ترجَمهٔ کنزُالعرفان: تو جھاگ تو ضائع ہو جاتا ہے

1... شُعب الایمان، باب فی التعاون علی البر، جلد:6، صفحہ:117، حدیث:7658۔

| | |
|---|---|
| مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِي الْاَرْضِ ؕ (پارہ:13، سورۂ رعد:17) | اور وہ (پانی) جو لوگوں کو فائدہ دیتا ہے وہ زمین میں باقی رہتا ہے۔ |

یہ حق و باطِل کی مثال ہے۔[1] یعنی باطِل جھاگ کی طرح ہے، جو جلد ہی مٹ جاتا ہے اور حق لوگوں کے لئے نفع بخش ہوتا ہے، لہٰذا یہ باقی رہتا ہے۔

سُبْحٰنَ الله! معلوم ہوا؛ جو چیز لوگوں کو نفع پہنچائے، وہ باقی رکھی جاتی ہے، دیکھئے! پانی لوگوں کے لئے نفع بخش ہے، اِسے لوگ پیتے ہیں، جانوروں کو پِلاتے ہیں، کھیتوں میں پانی لگایا جاتا ہے، پانی سے جانداروں کی زِندگی وابستہ ہے، لہٰذا اِسے محفوظ رکھا جاتا ہے، قُدرت اِس کی حِفاظت کے اسباب بناتی ہے، زمین پانی کو جذب کر کے اپنے اندر محفوظ کر لیتی ہے، اِسے گلیشیئرز (**Glaciers**) کی صُورت میں جمع کر لیا جاتا ہے، اس کے لئے باقاعِدہ دریا، نہریں اور ندی نالے بنائے جاتے ہیں۔ اِسی طرح جو بندہ نیک کام کرتا ہے، دُوسروں کو نفع پُہنچاتا ہے، مسلمانوں کی خیر خواہی کرتا ہے، غریبوں، فقیروں، یتیموں کے کام آتا ہے، اُس کو بھی باقی رکھا جاتا ہے اور روزِ قیامت جب وہ بارگاہِ اِلٰہی میں حاضِر ہو گا تو اُس کے یہ نیک اَعْمَال اسے فائدہ پہنچائیں گے اور جنّت میں جانے کا سَبَب بنیں گے۔

دیکھ لیجئے! حُضُور غوثِ اعظم شیخ عبدُ القادِر جِیلانی رَحمۃُ اللہِ عَلَیْہ، داتا حُضُور، خواجہ غریب نواز، بابا فرید، اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رَحمۃُ اللہِ علیہم اور لاکھوں اَوْلیائے کرام، انہوں نے زندگی بھر نیک اَعْمَال کئے، دوسروں کو نفع پہنچایا، دوسروں کی خیر خواہی کی خاطِر اپنی خواہشات تو خواہشات، ضروریات کو بھی قربان کیا، اب یہ اگرچہ دُنیا سے رُخصت ہو گئے مگر اِنْ شَآءَ اللهُ الْكَرِيْم! مزار میں بھی زِندہ ہیں اور الله پاک کے فَضْل سے لوگوں کے

[1] ... تفسیر دُرِّمنثور، پارہ:13، سورہ رعد، تحت الآیۃ:17، جلد:4، صفحہ:633۔

دِلوں میں بھی زِندہ ہیں۔ غوثِ پاک رَحمۃُ اللہِ عَلَیْہ کو دُنیا سے رُخصت ہوئے صدیاں گزر گئیں، آج بھی اُن کا نامِ پاک آتا ہے تو سَر اَدَب سے جُھک جاتے ہیں، داتا حُضُور، خواجہ غریب نواز، بابا فرید، اعلیٰ حضرت رَحمۃُ اللہِ علیہم کا نام سُن کر دِل اَدَب سے جُھکتے ہیں، ان کے مزارات پر آج بھی عاشقوں کا ہجوم ہے اور اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! قیامت تک رہے گا۔ کیوں؟ اس لئے کہ

| | |
|---|---|
| مَا یَنْفَعُ النَّاسَ فَیَمْکُثُ فِی الْاَرْضِ ؕ (پارہ:13، سورۂ رعد:17) | ترجمہ کنزُالعرفان: جو لوگوں کو فائدہ دیتا ہے وہ زمین میں باقی رہتا ہے۔ |

اللہ پاک ہمیں بھی توفیق بخشے، ہم بھی دوسروں کے کام آئیں، غریبوں، یتیموں، بے سہاروں کی مدد کریں، اچھے اور نیک کام کریں، زِندگی تو پَل دو پَل کی ہے، اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! قبر و آخرت کی منازِل آسان ہو جائیں گی۔

خِدمتِ خَلْق سے ہستی کو فروزاں کر لے | کیا پتہ کون سی ظُلمت میں قضا لے جائے

## خیر خواہی سے متعلق چند اَحادیثِ کریمہ

❀ اللہ پاک کے آخری نبی، رسولِ ہاشمی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جو مسلمان بھوکے کو کھانا کھلائے، اللہ پاک روزِ قیامت اسے جنّتی پھل کھلائے گا، جو مسلمان پیاسے کو پانی پلائے، اللہ پاک روزِ قیامت اسے مُہر لگی جنّتی شراب پلائے گا، جو مسلمان کسی کو کپڑے مہیا کرے، اللہ پاک روزِ قیامت اسے جنّتی حُلہ پہنائے گا۔[1]

یہ بھی اپنی جگہ ریاضت ہے | خدمتِ خلق بھی عبادت ہے

[1]... سنن ترمذی، کتاب صفۃ القیامۃ والرقائق، صفحہ:581، حدیث:2449۔

نبیوں کے نبی، رسولِ ہاشمی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جو اپنے مسلمان بھائی کی دُنیوی پریشانی دُور کرے، اللہ پاک اسے آخرت کی پریشانی سے نجات عطا فرمائے گا، آدمی جب تک اپنے مسلمان بھائی کی مدد کرتا رہتا ہے، اللہ پاک اُس کی مدد فرماتا رہتا ہے۔(1) ایک حدیثِ پاک میں ہے: جو پریشان حال کی مدد کرے، اللہ پاک اُس کے لئے 73 مَغفرتَیں لکھ دیتا ہے، ان میں سے ایک مغفرت اُس کے تمام کاموں کو کافِی ہے، باقی 72 کے ذریعے روزِ قیامت اس کے درجات بلند کئے جائیں گے۔(2)

خدمتِ خَلق میں دِن گُزاریں، زِندگی اِس طرح سے سنواریں
عاقبت میں ملے سُرخروئی اور یہاں بھی نہ ہو جگ ہنسائی

مُعجمِ اَوْسَط کی روایت ہے، رَسولوں کے سردار، مکی مَدَنی تاجدار صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جو اللہ پاک کی رضا کے لئے ایک دِن کا اعتکاف کرے، اللہ پاک اُس کے اور جہنّم کے درمیان تین خَندقیں (یعنی گڑھے) بنادے گا، ان میں سے ہر خَندَق کا فاصلہ مشرق و مغرب کے درمیانی فاصلے بھی زیادہ ہو گا۔ مزید فرمایا: جو اپنے مسلمان بھائی کی مدد کے لئے نکلتا ہے، یہ اس کے لئے 10 سال کے اعتکاف سے بہتر ہے۔(3)

مِلا ہے زَر تو غریبوں کے کام بھی آؤ! | نہ جس سے خِدمتِ مخلوق ہو وہ دولت کیا ہے؟

اللہ پاک ہمیں اِخلاص کے ساتھ دوسروں کی مدد کرنے، دوسروں کے کام آنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم۔

---

1 ... ابنِ ابی دنیا، جلد:4، صفحہ:161-162، حدیث:26 ملتقطاً۔
2 ... ابنِ ابی دنیا، جلد:4، صفحہ:164، حدیث:29۔
3 ... مجمِ اوسط، جلد:5، صفحہ:279، حدیث:7326۔

# دعوتِ اسلامی کی علمی و فلاحی خِدْمات

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج 2 ستمبر **یومِ دعوتِ اسلامی** ہے، الحمد للہ! دعوتِ اسلامی عاشقانِ رسول کی عظیم الشّان دینی تحریک ہے، جو دُنیا بھر میں اُمّتِ مسلمہ کی خیر خواہی کرنے، دُکھی دِلوں کی مدد کرنے، غریبوں، یتیموں، بے سہاروں کے ساتھ غم بانٹنے میں مَصْرُوف ہے۔

| | |
|---|---|
| اللہ کی نِعمت ہے، یہ دعوتِ اسلامی | آقا کی عِنایت ہے، یہ دعوتِ اسلامی |
| سرکار کی دُکھیاری اُمّت کی ہے خیر اَندیش | اور خادمِ مِلّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی |

ویسے تو بہت سارے قابلِ تعریف کارنامے ہیں جو دعوتِ اسلامی انجام دے رہی ہے *.. دُنیا بھر میں سُنتوں کو عام کرنا *.. فیشن پرَستی میں مگن رہنے والوں کو سُنتوں کی چلتی پھرتی تصویر بنا دینا، یہ دعوتِ اسلامی کا عظیم کارنامہ ہے *.. دعوتِ اسلامی ہماری نسلوں کو سنوارتی ہے *.. بچوں کو والِدَین کا اَدب سکھاتی ہے *.. والِدَین کو شفقت کا درس دیتی ہے *.. الحمد للہ! دعوتِ اسلامی نے لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں کی زندگیوں کو بدل کر رکھ دیا ہے *.. کتنے کافِر تھے، جو دعوتِ اسلامی کی برکت سے مسلمان ہوئے *.. کتنے بے نمازی تھے، جو دعوتِ اسلامی کی برکت سے نمازی بنے *.. کتنے مُعَاشرے کے بگڑے ہوئے اَفْراد تھے، دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول نے اُنہیں سُدھار دیا *.. کتنے چور، ڈاکو، لُٹیرے، نشے باز، دوسروں کو ستانے والے، بدمَعاشیاں کرنے والے دعوتِ اسلامی کی برکت سے نیک اور مُعاشرے کے باوقار انسان بَن چکے ہیں۔ الحمد للہ!

| | |
|---|---|
| جھوٹ سے غیبت سے چُغلی سے، کرلو توبہ سُوءِ ظن سے | چھوڑ بُرائی کی ہر عادت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے |

آؤ! گنہگارو آجاؤ! توبہ کر لو مت گھبراؤ | ہو جائے گی ربّ کی رَحمت، یومِ دعوتِ اسلامی ہے

غَرَض؛ دعوتِ اسلامی کے بہت نمایاں کارنامے ہیں، ان میں سے دو اَہَم کارنامے ہیں جو دعوتِ اسلامی پُوری لگن، استقامت اور کامیابی کے ساتھ انجام دے رہی ہے۔

## (1): دعوتِ اسلامی کی علمی خِدْمات

ان میں دعوتِ اسلامی کا پہلا کارنامہ ہے: عِلْمِ دِین کا فروغ اور عِلْمِ دِین کو عام کرنا۔ یہ بھی ایک خیر خواہی اور قوم کی خِدْمت ہے بلکہ یہ تو اَہَم ترین خیر خواہی ہے، عِلْمِ دین کی برکت سے اِیمان محفوظ ہوتا ہے، عَقائِد و نظریات کی اِصْلاح ہوتی ہے، اَخْلاق سُدھرتے ہیں، کردار سنورتا ہے اور مُعاشرے کے اَفْراد ترقی کی طرف بڑھ پاتے ہیں۔ حضرت مُعَاذ رَضِیَ اللہُ عنہ فرماتے ہیں: **جو عِلْم نہیں جانتا، اُسے عِلْمِ دین سکھا دینا بھی صدقہ ہے۔**[1]

الحمد للہ! دعوتِ اسلامی جس کمال حکمتِ عملی اور استقامت کے ساتھ عِلْمِ دین کو عام کر رہی ہے، اس دَور میں اس کی مثال ملنا بہت دُشوار ہے۔ یُوں سمجھ لیجئے کہ دعوتِ اسلامی گویا ایک اسلامِک یونیورسٹی ہے، جس میں 24 گھنٹے علمِ دین سیکھنے سکھانے کا عَمَل جاری رہتا ہے۔

اللہ پاک کے فضل سے دعوتِ اسلامی پُورے مُعاشرے میں علمِ دین پھیلا رہی ہے، شاید ہمارے مُعاشرے میں کوئی طبقہ ایسا نہیں ہو گا، جس تک دعوتِ اسلامی عِلْمِ دین پہنچانے کی کوشش نہ کر رہی ہو، الحمد للہ! دعوتِ اسلامی بچے سے لے کر بوڑھے تک ہر ایک کے لئے عِلْمِ دین سیکھنا آسان بنا رہی ہے۔

---

1 ...جامع العلوم والحکم صفحہ: 243۔

## بوڑھے میاں رونے لگے

ایک مرتبہ عاشقانِ رسول کا ایک ماہ کا مدنی قافلہ راہِ خُدا میں سفر پر تھا، اس دوران ایک مقام پر سنتیں سیکھنے سکھانے کا حلقہ لگایا گیا، مبلغِ دعوتِ اسلامی نے اس حلقے میں غُسل کے فرائض سکھائے۔ اس مدنی حلقے میں ایک بوڑھے میاں بھی شریک تھے، وہ غسل کے فرائض سُن کر رَو پڑے اور بولے: میری عمر 70 سال ہو چکی ہے مگر مجھے غسل کے فرائض کی معلومات نہ تھی، آج مدنی قافلے کی برکت سے مجھے غسل کے فرائض سیکھنے کو ملے، افسوس! مجھے تو یہ تک پتا نہ تھا کہ غسل میں فرائض بھی ہوتے ہیں۔

سبحٰنَ اللہ! یہ ہے دعوتِ اسلامی...!! جو خُود جا جا کر عِلْمِ دین کا نُور بانٹ رہی ہے۔

اسلام کی تعلیمات اور دین کے احکامات | سِکھلاتی شریعت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

## دعوتِ اسلامی اور فروغِ عِلْمِ دین کی خِدْمات

الحمدللہ! دعوتِ اسلامی کے بہت سارے شعبے ہیں جو معاشرے میں نورِ عِلْم تقسیم کرنے میں مَصرُوف ہیں مثلاً ❀ دعوتِ اسلامی کا ایک شُعبہ ہے: **مدرسۃُ المدینہ**: یہاں بچّوں اور بچیوں کو صحیح تَلَفُّظ کے ساتھ حِفْظ و ناظِرہ قرآنِ کریم کی مُفت تعلیم دی جاتی ہے، مُلک و بیرونِ مُلک مدرسۃُ المدینہ کی کُل 6062 (6 ہزار 62) برانچز قائم ہیں، جن میں کم و بیش 2 لاکھ، 66 ہزار 275 بچے اور بچیاں قُرآنِ کریم حِفْظ و ناظِرہ کی تعلیم حاصِل کر رہے ہیں۔ کم و بیش 4 لاکھ 39 ہزار 9 سو 40 بچے اور بچیاں اب تک حِفْظِ قُرآن اور ناظرہ قرآنِ کریم پڑھنے کی سَعادت پا چکے ہیں۔ الحمدللہ! پاکستان کے مُختلف شہروں میں مدرسۃُ المدینہ اسپیشل پرسنز بھی چل رہے ہیں، جن میں نابینا افراد کو قُرآنِ کریم (حِفظ و ناظِرہ) کی تعلیم دی جاتی

ہے ❀ دعوتِ اسلامی کا ایک شُعبہ ہے: **مدرسۃُالمَدِینہ بالِغان وبالِغات:** یہاں بڑی عُمر کے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو دُرست تَلَفُّظ کے ساتھ قرآنِ پاک کی تعلیم دی جاتی ہے ❀ اِسی طرح **جامعۃُ المدینہ:** یہاں طلبہ و طالِبات کو درسِ نظامی (یعنی عالِم وعالِمہ کورس) کروایا جاتا ہے اور دیگر علومِ دِینِیّہ سکھائے جاتے ہیں، پاکستان اور دیگر مُلکوں میں کُل 1309 (1 ہزار 309) جامعۃُالمدینہ قائم ہیں، اِن میں دَرْسِ نظامی (یعنی عالِم وعالِمہ کورس) کرنے والوں اور والِیوں کی تعداد: 117402 (1 لاکھ 17 ہزار 402) ہے، جبکہ 16171 (16 ہزار 171) اِسلامی بھائی اور اِسلامی بہنیں عالِم وعالِمہ کورس مُکمّل کر چکے ہیں ❀ **فَیضان آن لائن اکیڈمی؛** جس میں حِفظ و ناظِرہ قُرآنِ کریم، درسِ نظامی (عالِم کورس)، 30 سے زائد آن لائن کورسِز (اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو) کروائے اور دیگر عُلومِ دِینیہ آن لائن سکھائے جاتے ہیں ❀ **ہفتہ وار سُنّتوں بھرا اِجتماع:** ہر جمعرات کو مُلک و بیرونِ مُلک مُختلِف شہروں میں ہفتہ وار اِجتماع ہوتا ہے، جس میں تِلاوت، نَعت اور بیان کے ساتھ ساتھ آخر میں سیکھنے سکھانے کے حلقے بھی لگتے ہیں، جن میں مُختلِف مَوضُوعات پر عِلْمِ دین سکھایا جاتا ہے، ہفتہ وار اجتماع عِلْمِ دین سیکھنے اور ظاہِری باطِنی اِصلاح کا بہترین ذریعہ ہے ❀ **ہفتہ وار مدنی مُذاکرہ:** شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ ہر ہفتے کی رات مدنی چینل پر براہِ راست (*Live*) مَدَنی مُذاکرہ فرماتے (یعنی دُنیا بھر سے عاشِقانِ رسول کے سوالوں کے جواب دیتے) ہیں، اللہ پاک کے فَضْل سے مدنی مُذاکرہ شریعت و طریقت، عِلْمِ ظاہِر و عِلْمِ باطِن سیکھنے کا بہترین ذریعہ ہے ❀ ذیلی حلقے کے 12 دینی کاموں میں سے ایک کام ہے: **دَرْس۔** عاشِقانِ رسول مسجِدوں میں درس دیتے ہیں، اس سے بھی عِلْمِ دین عام ہوتا ہے، اِسی طرح گلیوں،

بازاروں، سکول، کالِج وغیرہ میں **چوک درس** بھی ہوتا ہے، وہ لوگ جو مسجد کی حاضِری سے محروم رہتے ہیں یا کسی وَجہ سے مسجد میں دَرْس سُنْنے سے محروم رہتے ہیں، چوک دَرس کی برکت سے اُن تک بھی عِلْمِ دین پہنچتا ہے ❀ ذیلی حلقے کے 12 دینی کاموں سے ایک دینی کام ہے: **تفسیر سُنْنے سُنانے کا حلقہ**، عاشِقانِ رسول نمازِ فجر کے بعد مساجِد میں یہ حلقہ لگاتے ہیں، اس میں تفسیر صِراطُ الجِنان سے 2 صفحات ترجَمہ و تفسیر کے ساتھ پڑھنے سُنْنے کی ترکیب ہوتی ہے، دَرْسِ فیضانِ سُنّت بھی ہوتا ہے اور اَوْراد و وَظائف بھی پڑھے جاتے ہیں ❀ **مدنی قافِلہ:** عِلْمِ دین سیکھنے، دُوسروں تک پُہنچانے اور اپنی اور دُوسروں کی اِصْلاح کی کوشش کا بہترین ذریعہ ہے، الحمد لله! دُنیا بھر میں لاکھوں لاکھ عاشِقانِ رسول 3 دِن، 12 دِن، 1 ماہ اور 12 ماہ کے مدنی قافِلوں میں سَفَر کرتے رہتے ہیں، یہ خوش نصیب خُود بھی عِلْمِ دین سیکھتے ہیں اور دُوسروں تک بھی پُہنچاتے ہیں ❀ **ہفتہ وار رسالہ مُطالَعہ:** ہر ہفتے دُنیا بھر کے عاشِقانِ رسول کو ایک رسالہ پڑھنے کا ہَدَف دیا جاتا ہے۔ مُختصر اور بہت معلوماتی رسالہ ہوتا ہے، الحمد لله! دُنیا بھر کے لاکھوں لاکھ عاشِقانِ رسول یہ رسالہ پڑھنے یا آڈیو (***Audio***) سُنْنے کی سَعَادت حاصِل کرتے ہیں ❀ اسی طرح دعوتِ اسلامی کا خاص علمی و تحقیقی شُعبہ ہے: **المدینۃُ العِلْمِیہ (اسلامِک رِیسرچ سنٹر)**۔ اِس شُعبے میں مدنی عُلَمائے کرام نئے نئے مَوضُوعات پر دِینی کِتابیں اور رَسائل لکھتے ہیں ❀ اِسی طرح دعوتِ اسلامی کا ایک شُعبہ ہے: **دارُ السُّنَّۃ:** مُلک و بیرونِ مُلک مُختلف شہروں میں یہ شُعبہ قائِم ہے، اِس شُعبے کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں وقت کی کوئی قید نہیں، جو جتنا وقت آسانی سے دے سکتا ہے، دارُ السُّنہ پر آئے اور عِلْمِ دین سیکھنے کی سَعَادت حاصِل کرے ❀ **مدنی چینل:** ایک

برقی (**Electric**) مُبَلِّغ، جو اللہ پاک کے فَضْل سے گھر گھر پہنچ کر عِلْمِ دِین کا فَیضان عام کرنے میں مَصرُوف ہے، الحمدللہ! مدنی چَینَل پر کوئی مشہوری (**Advertisement**) نہیں آتی، ساز جھَنکار اور مُیُوزِک سے بالکل پاک ہے، 24 گھنٹے میں جب بھی آپ کو موقَع ملے، مدنی چَینَل آن کیجئے اور عِلْمِ دین کے موتیوں سے جُھولی بھرنا شُروع کر دیجئے، الحمدللہ! مدنی چَینَل دعوتِ اسلامی کا وہ مُمْتاز اور بے مِثال کارنامہ ہے، جس نے مُعاشرے میں ہزاروں کی زِندگیوں کو بدل کر رکھ دیا ہے، مدنی چَینَل گھر بیٹھے عِلْمِ دین سکھاتا اور گھروں کو اَمن کا گہوارہ بناتا ہے ❁ **سوشل میڈیا:** کَمپیُوٹر کے اس دور میں ٹیکنالوجی عُروج پر ہے۔ الحمدللہ! دعوتِ اسلامی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بھی عِلْمِ دین عام کرنے میں مَصرُوفِ عَمَل ہے، فیس بُک (**Facebook**)، اِنسٹا گرام (**Instragram**)، واٹس ایپ (**Whats App**)، ٹوئٹر (**Twitter**) اور یوٹیوب (**Youtube**) وغیرہ پر دعوتِ اسلامی کے مُختلف پیجِز بنے ہوئے ہیں، ویب سائٹس (**Websites**) بھی ہیں، جن کے ذریعے قُرآن و سنّت کا پیغام عام کیا جارہا ہے، دعوتِ اسلامی کا **I.T** ڈیپارٹمنٹ مختلف اپلی کیشنز بناتا ہے، مثلاً تفسیر صِراطُ الجِنان موبائل اپلی کیشن: اس اپلی کیشن کے ذریعے قرآن پاک ترجمہ و تفسیر کے ساتھ پڑھ کر نُورِ قُرآن سے سِینہ روشن کر سکتے ہیں، اِسی طرح بہارِ شریعت موبائل اپلی کیشن؛ جس کے ذریعے دِینی مسائل پڑھے اور سیکھے جاسکتے ہیں، ایسے ہی کئی اپلی کیشنز ہیں۔

ایک موبائل اپلی کیشن ہے: **Dawateislami Digital Services** (دعوتِ اسلامی ڈیجیٹل سروسز)، یہ اپلی کیشن اپنے موبائل میں انسٹال کیجئے! دعوتِ اسلامی جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کیسے عِلْمِ دین عام کر رہی ہے، اِس میں تمام تفصیل اور دعوتِ اسلامی کی ساری اپلی

کیشنز کا تعارُف وغیرہ موجود ہے۔

اللہ کی نعمت ہے یہ دعوتِ اسلامی | آقا کی عنایت ہے یہ دعوتِ اسلامی
اسلام کی تعلیمات اور دین کے احکامات | سِکھلاتی شریعت ہے یہ دعوتِ اسلامی
سرکار کی دُکھیاری اُمّت کی ہے خیر اَندیش | اور خادمِ مِلّت ہے یہ دعوتِ اسلامی

## دار المدینہ اسلامِک سکول سسٹم

ایک اسلامی بھائی جو مدنی ہیں، انہوں نے جامعۃ المدینہ سے 8 سالہ عالِم کورس کیا ہے، وہ کہتے ہیں: ایک دِن میں گھر میں بیٹھا دِینی کتاب پڑھ رہا تھا اور میرا چھوٹا بھائی جو چوتھی (4th) کلاس میں پڑھتا تھا، وہ ساتھ والے کمرے میں اپنا ہوم ورک کر رہا تھا، اچانک اُس نے اُونچی اُونچی آواز میں اپنا سبق یاد کرنا شُروع کر دیا، اسی دوران اُس نے ایک جملہ بولا، وہ جملہ سنتے ہی میں لرز کر رہ گیا، ایسا سخت جملہ تھا کہ وہ جملہ بولنے والے پر حکمِ کفر بھی لگ سکتا ہے۔ کہتے ہیں: میں دوڑ کر بھائی کے پاس پہنچا، پوچھا: کیا پڑھ رہے ہو؟ اُس نے سہمے ہوئے لہجے میں کہا: سکول کا سبق یاد کر رہا ہوں، میں نے اس کی کتاب دیکھی تو واقعی وہ جملہ اس کی کتاب میں لکھا ہوا تھا۔

الامان والحفیظ! **پیارے اسلامی بھائیو!** اندازہ کیجئے! کیسی نازُک صُورتِ حال ہے، آج کے دَور میں بچوں کو پرائمری یا میٹرک تک پڑھانا ضروری سمجھا جاتا ہے، والِدَین بچوں کو کم از کم پرائمری یا میٹرک تک تو پڑھاتے ہی ہیں مگر افسوس! ہمارا بچہ سکول میں کیا پڑھ رہا ہے؟ کیا سیکھ رہا ہے؟ ان باتوں کی جانچ پرکھ کون کرتا ہے...! کتنے والِدین ہیں جو نصابی کتابوں کے ایک ایک جملے کو قرآن وحدیث کے ترازُو میں تول سکتے ہیں؟

الحمدللہ! دعوتِ اسلامی نے اُمّتِ مسلمہ کی اس دُکھتی ہوئی رگ پر بھی ہاتھ رکھا، دارُ المدینہ اسلامِک سکول سسٹم دورِ حاضِر میں دعوتِ اسلامی کا مثالی کارنامہ ہے، اللہ پاک کے کرم سے دارُ المدینہ میں جدید دُنیوی تعلیم اسلامی رنگ میں دِی جاتی ہے، پُورا نصاب اِسْلامی اُصُولوں کے مطابق، مفتیانِ کرام کا تصدیق شُدہ ہے، پھر اس کے ساتھ ساتھ دارُ المدینہ میں بچوں کی اسلامی تربیت بھی کی جاتی ہے، بُنیادی دِینی تعلیم بھی دی جاتی ہے، الحمد للہ! پاکستان کے مُختلف شہروں میں دارُ المدینہ قائِم ہیں اور دارُ المدینہ اسلامِک یونیورسٹی کا قیام بھی اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم ! جلد ہی عَمَل میں آجائے گا۔

## دعوتِ اسلامی اور اِصْلاح برائے قیدیان

اب میں دعوتِ اسلامی کا ایک تاریخی کارنامہ عَرْض کرتا ہوں: دعوتِ اسلامی کا ایک شُعبہ ہے: شُعبہ اِصْلاح برائے قَیدِیان۔ الحمدللہ! دعوتِ اسلامی والے عاشِقانِ رسول جَیْلوں میں جاکر وہاں قیدیوں کو بھی عِلْمِ دین پڑھاتے ہیں، پچھلے 3 سالوں میں الحمد للہ! ❁کم وبیش1ہزار494 قیدیوں نے مدنی قاعدہ مکمل پڑھا ❁کم وبیش4ہزار918 قیدی قُرآنِ کریم سیکھنے میں مَصْرُوف رہے❁ کم وبیش14ہزار71 قیدیوں نے فرض عُلُوم سیکھے ❁اور کم وبیش 19 ہزار 159 قیدیوں کو درست نماز پڑھنا سکھائی گئی۔ یہ صِرْف 3 سال کی کارکردگی ہے۔

## (2): دعوتِ اسلامی کی فلاحی خدمات

دعوتِ اسلامی کا دوسرا اَہَم کارنامہ یہ ہے کہ الحمدللہ! دُنیا بھر میں فلاحی خدمات بھی انجام دے رہی ہے، دُنیا بھر میں جہاں کہیں مسلمان کسی طرح دُکھ، تکلیف یا پریشانیوں کا

شِکار ہوتے ہیں، الحمد للہ! دعوتِ اسلامی اُن تک پہنچنے اور ان کی خیر خواہی کرنے کی کوشش کرتی ہے ❁ 2005ء میں جب کشمیر میں شدید ترین زلزلہ آیا، درجنوں بستیاں تباہ ہو گئیں، ہزاروں افراد لقمۂ اجل بنے ایسے کٹھن حالات میں دعوت اسلامی کے تحت مختلف انداز سے زلزلہ متاثرین کی مدد کی گئی جس میں تقریباً 450 سے زائد خاندانوں میں راشن تقسیم کیا گیا۔ ریسکیو ٹیموں کے ساتھ مل کر درجنوں میتوں کو ملبے سے نکال کر تجہیز و تکفین کا اہتمام کیا گیا، مساجد تعمیر کی گئیں ❁ 2019ء کو کشمیر اور اسلام آباد سمیت پاکستان کے مختلف شہروں میں شدید زلزلہ آیا، جس کے باعث کافی جانی و مالی نقصان ہوا، اس موقع پر بھی ریلیف کیمپ لگائے گئے، زلزلے سے متاثرین کے لئے کھانا، پینے کا صاف پانی اور راشن کی تقسیم کا سلسلہ ہوا ❁ 2021 میں بلوچستان میں زلزلہ آیا، اس وقت بھی دعوتِ اسلامی بروقت امداد کے لئے پہنچی ❁ 2020، 2021 میں کووِڈ-19 یعنی کرونا وائرس کا مسئلہ عالمی سطح پر پیش آیا، دھڑا دھڑ اموات ہونے لگیں، روزگار بند ہو گئے، غریب افراد کرونا کے ساتھ ساتھ بھوک کا بھی شکار ہوئے، ان حالات میں دعوتِ اسلامی نے غریبوں میں راشن بھی تقسیم کیا، ہزاروں بے روزگاروں کے لئے نقد رقم کے بھی انتظامات کئے گئے ❁ یہ وہ حالات تھے کہ جو بیچارے کرونا کی وجہ سے موت کے گھاٹ اُتر رہے تھے، لوگ اپنے ان عزیزوں کو غسل دینے سے بھی خوف زدہ تھے، الحمد للہ! دعوتِ اسلامی کے شعبہ **کفن دفن** نے اس وقت اَہَم خدمات انجام دیں، کرونا کی وجہ سے مرنے والوں کو غسل بھی دیئے گئے، کفن بھی پہنائے گئے اور ان کی تدفین کا بھی اہتمام کیا گیا ❁ 2020ء سے 2022 تک دعوتِ اسلامی کی طرف سے تھیلیسیمیا کے مریضوں کے لیے خُون کی 53 ہزار خون کی بوتلیں عطیہ کی جاچکی ہیں ❁ 2021ء میں کراچی میں سیلاب متاثرین میں اشیاءِ خوردونوش تقسیم کی گئیں

اور سیلاب کی زد میں بے روز گار ہونے والے افراد کو نقد رقم دے کر ان کو روز گار کا سہارا دیا
❁ اس وقت پوری دنیا گلوبل وارمنگ کے خطرے سے دوچار ہے، جس کا بہترین حل شجر کاری
ہے۔ الحمدللہ اگست 2021ء میں دعوت اسلامی نے خیر خواہی کے جذبے کے تحت گرین
پاکستان مہم کا سلسلہ شروع کیا۔ الحمدللہ! دعوت اسلامی کے فلاحی ادارے فیضان گلوبل ریلیف
فاؤنڈیشن (FGRF) کے تحت اب تک 1.37 ملین پودے لگائے جاچکے ہیں۔ اس سال بھی یکم
اگست سے صِرْف پاکستان ہی نہیں بلکہ دُنیا بھر میں شجر کاری مہم جاری ہے ❁ دعوتِ اسلامی کا
ایک ادارہ: FRC (فیضان ری ہیب لیٹیشن سنٹر) بھی قائم ہو چکا ہے، جس میں معذُور بچوں کی
بحالی کے لئے خدمات انجام دی جاتی ہیں ❁ الحمد للہ! اب دعوتِ اسلامی مدنی ہوم کے نام
سے "یتیم خانے" بھی تعمیر کرنے جارہی ہے، کراچی میں پہلے مدنی ہوم کی تعمیر شروع بھی ہو
چکی ہے ❁ پچھلی سردیوں میں پریشان حال لوگوں کو ٹھنڈ سے بچانے کے لیے شعبہ (FGRF)
کے تحت ملک وبیرون ملک مستحق افراد میں ہزاروں کی تعداد میں جیکٹس، گرم کپڑے اور کمبل
تقسیم کیے گئے ❁ 2022 مئی، جون کے مہینے میں چولستان میں شدید قحط سالی ہوئی، شدت
پیاس کی وجہ سے جانور تک مرنے لگے، اس وقت بھی شعبہ FGRF نے سینکڑوں کی تعداد
میں پانی کے ٹینکرز اور سولر پلانٹ پر پانی کے پمپس لگائے ❁ ابھی پاکستان کا ایک بڑا حِصَّہ
سیلاب کی زَد میں ہے، آزمائش کی اس گھڑی میں بھی الحمد للہ! دعوتِ اسلامی اُمّتِ مسلمہ کی
خیر خواہی میں مَصرُوف ہے، FGRF کے تحت ہزاروں عاشقانِ رسول سیلاب سے مُتاثر
افراد تک کھانا، پانی، ضرورت کا سامان اور خیمے وغیرہ پہنچارہے ہیں، مسلمانوں کی زندگیاں
بچانے کی کوشش جاری ہے، وہ افراد جن کے گھر سیلاب کی نذر ہو گئے، جن کے کاروبار ختم ہو
گئے، الحمد للہ! دعوتِ اسلامی اُن کے لئے باقاعدہ رہائش کے انتظامات کرنے اور ان کے لئے

مناسب کاروبار کا انتظام کرکے انہیں دوبارہ پاؤں پر کھڑا کرنے کا بھی عَزْم رکھتی ہے۔

سرکار کی دُکھیاری اُمّت کی ہے خیر اَندیش | اور خادمِ مِلّت ہے یہ دعوتِ اسلامی
اللہ کی نعمت ہے یہ دعوتِ اسلامی | آقا کی عنایت ہے یہ دعوتِ اسلامی

الحمدللہ! خیر خواہی کا یہ سلسلہ جاری ہے، اللہ پاک دعوتِ اسلامی والوں پر کروڑوں رحمتوں کا نزول فرمائے بالخصوص بانیٔ دعوتِ اسلامی شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنت حضرت علّامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطار قادری دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کو درازیٔ عمر بالخیر عطا فرمائے، ان کے گھر بھر کی خیر فرمائے، جنہوں نے دُنیا بھر میں دِین کا توڈنکا بجایا ہی ہے، ساتھ ہی ساتھ اُمّت کی خیر خواہی کا ایسا جذبہ بیدار کیا ہے کہ جب بھی کہیں مسلمان مشکل کا شکار ہوتے ہیں، الحمدللہ! دعوتِ اسلامی والے عاشقانِ رسول ان کی مدد کے لئے پہنچ ہی جاتے ہیں۔ آپ بھی ان نیک کاموں میں دعوتِ اسلامی کا ساتھ دیجئے! اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! دُنیا اور آخرت کا بھلا ہوگا۔

بغیر خوبی و خِدمت بشر اچھے نہیں لگتے | نہ جن میں پھول پھل ہوں، وہ شجر اچھے نہیں لگتے

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

**پیارے اسلامی بھائیو!** بیان کو اختتام کی طرف لاتے ہوئے آخر میں پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی ایک پیاری پیاری سُنّت اور اس کی فضیلت عرض کرتا ہوں:

## شکر کرنا سُنّت ہے

**2 فرامینِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: (1):** بندے کا ہر نوالے اور ہر گھونٹ پر اللہ کریم کا شکر کرنا اللہ پاک کو پسند ہے۔[1] **(2):** اپنی زبانیں ذِکْر سے اور دِل

[1] ... مُسْلِم، کتابُ الذِّکْر والدُّعَا، صفحہ: 1122، حدیث: 6932۔

شکر سے تَر رکھو!۔[1]

**اےعاشقانِ رسول!** شُکر کرنا سُنّت ہے۔ ❁اللہ کے آخری نبی، رسولِ ہاشمی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کثرت سے شکر کرتے تھے ❁آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے کبھی ناشکری نہیں کی ❁شکر اعلیٰ عبادت ہے ❁شکر کرنے سے نعمت میں اضافہ ہوتا ہے ❁بندے کو نعمت ملے، بندہ شکر کرے، اس کی برکت سے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! بندہ عذاب سے محفوظ رہے گا۔[2]

الحمدللہ! اس دور میں دعوتِ اسلامی بھی اللہ پاک کی بڑی نعمت ہے، آج یومِ دعوتِ اسلامی ہے، اللہ پاک کی باقی جو نعمتیں مُیَسَّر ہیں، ان کا بھی شکر ادا کیجئے اور ساتھ ہی ساتھ دعوتِ اسلامی بننے اور یہ دینی ماحول ملنے پر بھی شکر ادا کیجئے! ہو سکے تو آج دو رکعت نفل شکرانے کے ادا کیجئے! اللہ پاک ہماری پیاری دعوتِ اسلامی کو دِن دُگنی، رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔ آمین بجاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم۔

ہم کو دعوتِ اسلامی کا ہے دیا ماحول | تیرا شُکر ادا کیوں کر، ہو خُدائے بَحر وبر!

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

---

1 …شُعَبُ الْاِیْمَان، باب: محبۃ اللہ، جلد:1، صفحہ:419، حدیث:590، ملتقطاً۔

2 …صِرَاطُ الجنان، جلد:4، صفحہ:406، خُلاصۃً۔